سوال

(736) عورتیں اپنے خاوندوں کے لیے سنگھار کر سکتی ہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورتیں اپنے خاوندوں کے لیے سنگھار کر سکتی ہیں اس سنگھار کا کیا مطلب ہے نیل پالش پاؤڈر پرفیوم سرخی لوشن کریم وغیرہ لگا سکتی ہیں اور اکثر والدین اپنے بچوں کو نیل پالش سرخی پاؤڈر کریم وغیرہ لگاتے ہیں بعض کہتے ہیں کہ یہ ابھی بچے ہیں اور بعض منع کرتے ہیں درست کیا ہے ؟ محمد سلیم بٹ

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جن چیزوں سے وضوء یا غسل میں خلل آئے وہ استعمال نہیں کی جا سکتیں اور وضوء یا غسل میں مانع چیزیں نہیں لگا سکتے نر بچوں کو رنگدار خوشبو لگانے سے پرہیز ضروری ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص512

محدث فتویٰ